© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## الورد المصفیٰ المختار

از : عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن الفیصل آل سعود

اردو ترجمہ : عطاء اللہ ثاقب

ناشر : انصار السنۃ المحمدیہ، ۱۱ کلیار روڈ، رستم پارک، نواں کوٹ، لاہور

عمدہ کتابت، بہترین کاغذ، شان دار طباعت، دیدہ زیب جلد

"الورد المصفیٰ المختار" سے ہمارے بعض قارئین غالباً پہلی دفعہ متعارف ہوں گے۔ یہ ان دعاؤں کا مجموعہ ہے جو قرآنِ مجید اور احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود اور اسلافِ کرام سے منقول ہیں۔ یہ وہ دعائیں ہیں جو سعودی عرب کے مرحوم و مغفور بادشاہ جلالۃ الملک عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن (متوفی نومبر ۱۹۵۳ء) موجودہ حکمران شاہ خالد کے والد محترم کے معمولات میں شامل تھیں۔ دعاؤں کا یہ مجموعہ ان کے لیے دیارِ عرب کے نامور عالم و محقق شیخ محمد حامد الفقی نے تیار کیا تھا اور پھر انھوں نے اسے اپنے ہاتھ سے تحریر کیا تھا۔

جلالۃ الملک عبدالعزیز مرحوم کے فرزندِ گرامی متعب بن عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن نے کتابی شکل میں اسے لاکھوں کی تعداد میں شائع کیا ہے، اور وہی نسخہ شائع کیا ہے جو خود ان کے والد مرحوم کے ہاتھ کا مکتوبہ ہے۔

اب یہ کتاب پاکستان میں مولانا عطاء اللہ ثاقب نے شائع کی ہے اور اس ملک میں ان کی کوشش سے یہ پہلی مرتبہ معرضِ اشاعت میں آئی ہے۔ مولانا عطاء اللہ ثاقب نے اردو دان طبقے کی سہولت کے لیے ہر دعا کے نیچے اس کا اردو ترجمہ بھی دے دیا ہے۔ ترجمے کی زبان عام فہم اور سلیس ہے۔

مولانا عطاء اللہ ثاقب دینی اور مذہبی حلقوں کی جانی پہچانی شخصیت ہیں اور اس سے قبل وہ متعدد عربی کتابوں کے ترجمے کر چکے ہیں۔ یہ ترجمہ ان کا تازہ کارنامۂ علم ہے۔ کتابت و طباعت کا جو بہترین معیار

© rasailojaraid.com